## پشاور بم دھماکہ میں اے این پی کے رہنماء اور سرحد اسمبلی کے رکن عالم زیب خان کی ہلاکت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

## واقعہ کھلی دہشت گردی ہے، ملوث عناصر کو فی الفور گرفتار کر کے قرار واقعی سزادی جائے

لندن۔۔11 فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور میں بم دھماکہ کے نتیجے میں عوامی نیشنل پارٹی سے تعلق رکھنے والے سرحد اسمبلی کے رکن عالم زیب خان کی ہلاکت پر شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واقعہ کو کھلی دہشت گردی کرار دیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک دشمن اور امن دشمن عناصر ملک میں انارکی پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں اور اپنے مذموم مقاصد کے حصول کیلئے ملک میں قتل وغارتگری جیسے گھناؤنے عمل کر رہے ہیں جس پر جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے صدر پاکستان آصف علی زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی اور مشیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا ہے اس واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث عناصر کو فی الفور گرفتار کر کے قرار واقعی سزادی جائے۔جناب الطاف حسین نے عوامی نیشنل پارٹی کے سربراہ اسفند یار ولی اور کارکنان سمیت عالم زیب خان مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارن کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین) انہوں نے واقعہ میں زخمی ہونے والے افراد کیلئے جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی ہے۔

## ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ایف سی ایریا لیاقت آباد میں مفت طبی کیمپ کا انعقاد

## طبی کیمپ پر ہیپا ٹائٹس بی سے بچاء کے مفت ٹیکے لگائے گئے، طبی کیمپوں کا انعقاد 9 روز تک لیاقت آباد کے ہر علاقے میں کیا جائے گا

کراچی۔۔۔11، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام لیاقت آباد کے مختلف علاقوں میں ہیپا ٹائٹس بی سے بچاؤ کے مفت ٹیکے لگانے کیلئے طبی کیمپ کے انعقاد کا سلسلہ جاری ہے اس سلسلے میں بدھ کے روز لیاقت آباد کے فیڈرل کیپٹل ایریا میں کیمپ لگایا گیا جس سے قرب وجوار کے مکینوں نے بڑی تعداد میں استفادہ کیا۔ یہ طبی کیمپ لیاقت آباد کے ہر علاقے میں منعقد کئے جائیں گے جس کا سلسلہ آئندہ 9 روز تک جاری رہے گا۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب بخاری نے فیڈرل کیپٹل ایریا میں لگائے گئے طبی کیمپ کا دورہ کیا اور ہیپا ٹائٹس بی سے بچاؤ کے ٹیکے لگانے کے انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے ہیپا ٹائٹس بی سے بچاؤ کی مہم سے استفادہ کرنے والے افراد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کی قیادت صحت مند معاشرہ چاہتی ہے اور اس کیلئے ضروری ہے لوگوں کو ان کے گھروں تک طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کا فلاحی ادارہ یہ خدمت گزشتہ کئی برسوں سے بلاتفریق انجام دے رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہیپا ٹائٹس ایک موذی مرض ہے اور اس سے بچاؤ کیلئے اس کے ٹیکے لگوانا انسانی صحت اور زندگی کیلئے انتہائی ضروری ہے۔طبی کیمپ سے استفادہ کرنے والے افراد نے ہیپا ٹائٹس بی کے مفت طبی کیمپ کے انعقاد کو سراہا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## ایم کیو ایم کے کارکنان اور حق پرست یوسی ناظم سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔11، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے شہید کارکن نعیم کے والد محمد حفیظ خان، ایم کیو ایم ٹنڈو الہیار زون کے جوائنٹ زونل انچارج شاہد عالم قائم خانی کے والد عالم علی خان، ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 140-B کے کارکن مشتاق احمد کی والدہ محترمہ جمیلہ بیگم، فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 149 کے کارکن سجاد الحق کی والدہ محترمہ نسیم بانو، کورنگی سیکٹر یونٹ 71 کے کارکن عامر ولی کی ہمشیرہ محترمہ انجم، لانڈھی سیکٹر یونٹ 85 کے کارکن جاوید فراز کی والدہ محترمہ ذکیہ بیگم اور جمشید ٹاؤن یوسی 9 کے حق پرست ناظم ذوالفقار حسین کی ہمشیرہ محترمہ خورشید زہرہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے (آمین)

## ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون کے جوائنٹ زونل انچارج شاہد عالم کے والد عالم علی خان انتقال کرگئے، مرحوم کو سپرد خاک کردیا گیا
## نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن قومی اسمبلی، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین، زونل انچارجز اور کارکنان کی شرکت

ٹنڈوالہ یار۔۔۔11، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈوالہ یار زون کے جوائنٹ زونل انچارج شاہد عالم کے والد عالم علی خان انتقال کرگئے۔مرحوم کی عمر 70 سال تھی اور وہ سانس کے مرض میں مبتلا تھے۔عالم علی خان مرحوم کے سوگواران میں 5 بہنیں اور 3 بھائی شامل ہیں۔مرحوم کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن قومی اسمبلی طیب حسین، ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین رشید بھیا، سہیل مشہدی، ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون کے زونل انچارج سید محمد علی شاہد، ایم کیوایم حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف، ایم کیوایم میر پور خاص زون کے زونل انچارج عظیم دانش، اراکین زونل کمیٹی، میر پور خاص ڈسٹرکٹ کے حق پرست نائب ناظم ظفر کمالی، سیکٹر و یونٹوں کے ذمہ داران، حق پرست ناظمین اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کے ذمہ داران نے شاہد عالم اور ان کے تمام سوگوار لواحقین سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا کی۔

## الطاف حسین کے عزم وحوصلے نے ایک سچے نظریئے اور تحریک کو جنم دیا ہے، فرخ اعظم
## کیاڑی سیکٹر اور حاجی مرید گوٹھ میں منعقدہ کارکنان کی تربیتی نشستوں سے خطاب

کراچی۔۔۔11، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے عزم وحوصلے نے ایک سچے نظریئے اور تحریک کو جنم دیا ہے جس کے پرچم تلے آج ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام متحد ہوکر اپنے حقوق کے حصول کی جدوجہد کررہے ہیں۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کیاڑی سیکٹر اور حاجی مرید گوٹھ میں منعقدہ کارکنان کی تربیتی نشستوں کے اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین شکیل سید ظہیر انور اور محمد حنیف چھتانی بھی موجود تھے۔فرخ اعظم نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جس نے عملی طور پر ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کے خاتمے کی جدوجہد کی اور اس کیلئے غریب ومتوسط طبقے سے پڑھے لکھے اور باشعور افراد کو ملک کے منتخب ایوانوں میں بھیجا۔انہوں نے کہا کہ ملک کے ایوانوں میں غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والا کوئی شخص جانے کا تصور تک نہیں کرسکتا تھا لیکن ایم کیوایم نے اس روایت کو توڑا اور غریب متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والوں کو ایوانوں میں بھیجا اور ملک بھر کے عوام میں جو سیاسی شعور پایا جارہا ہے وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ولولہ انگیز قیادت کا ہی نتیجہ ہے۔انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ تحریک کے فکر وفلسفہ کے فروغ کیلئے مکمل ذمہ داری کا مظاہرہ کریں اور حق پرست کے پیغام کو اپنے علاقوں میں پھیلانے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں استعمال کریں۔

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر محمود آباد سیکٹر یوسی 2 کے کارکنان طارق میو اور محمد علی کو تنظیم سے خارج کردیا گیا
## لیاری سیکٹر یونٹ 32 کے کارکن ساجد کو غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم سے معطل کردیا

کراچی۔۔۔11، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر یوسی 2 کے کارکنان طارق میو ولد عبدالقادر اور محمد علی ولد لیاقت علی کو فوری طور پر تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے اور ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 32 کے کارکن ساجد ولد عبدالستار کو غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم کی بنیادی رکنیت سے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ تنظیمی نظم وضبط پر سختی سے عمل کرتے ہوئے مذکورہ افراد سے کسی بھی قسم کا ہرگز کوئی رابطہ نہ رکھیں۔

## گلستان پک ایونیو کی رہائشی سویرا نامی خاتون کا ایم کیوایم سے کوئی تعلق نہیں
## عوام وکارکنان ایم کیوایم کا نام استعمال کرنیوالے افراد پر کڑی نظر رکھیں اور اطلاع نائن زیرو پر دیں

کراچی۔۔۔11، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلستان جوہر سیکٹر پک ایونیو کی رہائشی سویرا نامی خاتون سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ سویرا نامی خاتون کا ایم کیوایم سے قطعی کوئی تعلق نہیں ہے۔ایک وضاحتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سویرا نامی خاتون غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث ہیں اور علاقے میں بدنام ہیں جو خود کو ایم کیوایم کا کارکن ظاہر کرکے ایم کیوایم کو بدنام کررہی ہے۔رابطہ کمیٹی نے عوام وکارکنان سے کہا ہے کہ وہ ایم کیوایم کا نام لیکر اس کو بدنام کرنیوالے افراد پر کڑی نظر رکھیں اور ایسے افراد کی اطلاع فوری طور پر ایم کیوایم مرکز نائن زیرو پر دیں۔رابطہ کے لئے فون نمبر 6329900,6313690 اور فیکس نمبر 6329955